35. مال روڈ پر موٹروں اور بائیسکلوں کا تانتا بندھا ہوا تو تھا ہی پٹڑی پر چلنے والوں کی بھی کثرت تھی۔ علاوہ ازیں سڑک کی دو رویہ دکانوں میں خرید و فروخت کا بازار بھی گرم تھا۔ جن کم نصیبوں کو نہ تفریح کی طبع کی استطاعت تھی نہ خرید و فروخت کی وہ دور ہی سے کھڑے کھڑے ان تفریح گاہوں اور دکانوں کی رنگارنگ روشنیوں سے جی بہلا رہے تھے۔

36. نوجوان سیمنٹ کی بینچ پر بیٹھا اپنے سامنے سے گزرتے ہوئے زن و مرد کو غور سے دیکھ رہا تھا۔ اس کی نظر ان کے چہروں سے کہیں زیادہ ان کے لباس پر پڑتی تھیں۔ ان میں ہر وضع اور ہر قماش کے لوگ تھے۔ بڑے بڑے تاجر، سرکاری افسر، لیڈر، فن کار، کالجوں کے طلبہ اور طلبات، نرسیں، اخباروں کے نمائندے، دفتروں کے بابو زیادہ تر لوگ اوور کوٹ پہنے ہوئے تھے۔ ہر قسم کے اوور کوٹ، قراقلی کے بیش قیمت اوور کوٹ سے لے کر خاکی پٹی کے پرانے فوجی اوور کوٹ تک جنھیں نیلام میں خرید اگیا تھا۔

pakcity.org

37. اب وہ ہائی کورٹ کی عمارتوں کے سامنے سے گزر رہا تھا۔ اتنا کچھ چل لینے کے بعد بھی اس کی طبیعت کی چونچالی میں کچھ فرق نہیں آیا تھا، نہ تکان محسوس ہوئی تھی نہ اکتاہٹ۔ یہاں پٹڑی پر چلنے والوں کی ٹولیاں کچھ چھٹ سی گئی تھیں اور ان میں کافی فاصلہ رہنے لگا تھا اس نے اپنی بید کی چھڑی کو ایک انگلی پر گھمانے کی کوشش کی مگر کامیابی نہ ہوئی اور چھڑی زمین پر گر پڑی "او سوری" کہ زمین پر جھکا اور چھڑی کو اٹھالیا۔

38. بلاشبہ اس وقت تک وہ دم توڑ چکا تھا۔ اس کا جس سنگ مرمر کی میز پر بے جان پڑا تھا۔ اس کا چہرہ جو پہلے چھت کی سمت تھا کپڑے اتارنے میں دیوار کی طرف مڑ گیا تھا۔ معلوم ہوتا تھا کہ جسم اور اس کے ساتھ روح کی برہنگی نے اسے خجل کر دیا اور وہ اپنے ہم جنسوں سے آنکھیں چرا رہا تھا۔

39. وہ مجھ سے کارڈ لے کر یوں چلا جیسے دنیا جہاں کی دولت سمیٹے لے جا رہا ہے۔ میں نے کارڈ پر لکھ دیا تھا، جبار صاحب! اس کا کام کر دیجیے۔ بے چارا بڑا ہی غریب آدمی ہے۔ دعائیں دے گا۔ اور مجھے یقین تھا کہ کام ہو جائے گا۔ ڈاکٹر کو صرف اتنا ہی تو دیکھنا تھا کہ آنکھ پوری طرح بجھ گئی ہے یا تھوڑی بہت رمق باقی ہے۔

(زیادہ اہم)

40. کپڑے تو میں بدل رکھے تھے البتہ میں اپنے تیور بدلنے کی کوشش کرنے لگا۔ پھر اچانک خیال آیا کہ کتنا چھوٹا آدمی ہوں دو پیسے یا دو روپے یا چلو دو لاکھ کی بھی بات نہیں۔ دو آنکھوں کی بات ہے اور جھوٹ بولے جا رہا ہوں۔ مجھے فیکے کے سامنے اعتراف کر لینا چاہیے کہ میں تمھارے لیے کچھ نہیں کر سکا۔ پھر میں نے وہ فقرے سوچے جو مجھے فیکے کے سامنے اس انداز سے ادا کرنے تھے کہ اسے سچی بات بھی معلوم ہو جائے اور اسے دکھ بھی نہ ہو۔ (زیادہ اہم)

41. شام کی بڑھتی ہوئی اداس تاریخی میں سامنے کی ہر چیز آہستہ آہستہ دھندلی پڑتی جا رہی تھی۔ اس نے نظریں پھر ا پھرا کر بغیر پلستر کی دیواروں کو دیکھنا شروع کیا جو اندھیرے میں ڈوب کر بھیانک ہوتی چلی جا رہی تھیں جیسے وہ سیاہ رنگ میں نہا گئی ہوں!

42. ہر چیز مہنگائی کی انتہا کو پہنچ چکی تھی لیکن دکان کا پرانا منشی اتنا ہی سستا تھا جتنا بیس سال پہلے۔ اس کی آنکھوں کے سامنے لڑائی شروع ہونے سے قبل جو چیزیں دو پیسے کو لے کر دکان میں بھری گئی تھیں۔ وہ لڑائی شروع ہوتے ہی مہنگی ہوئے ہی چلی گئیں یہاں تک کہ دو پیسے کی چیز نے آٹھ سے دس گنا نفع دیا، گویا چیزیں جیسے جیسے پرانی ہو گئیں ویسے ویسے قیمتیں بھی لیکن اس پرانے منشی کے دس روپے کی قیمت بازار میں بڑھتی ہی چلی گئی۔ دکان میں ہن برس رہا تھا۔ مالک کے نام پر بینک میں سونے چاندی کے پہاڑ کھڑے ہو رہے تھے۔

43. دکان میں ہن برس رہا تھا۔ مالک کے نام پر بینکوں میں سونے چاندی کے پہاڑ کھڑے ہو رہے تھے تو اسے کیا۔ یہ وہی مثل ہے کہ بی بی عید آئی۔ جواب ملا۔ دور موئی تجھے اپنی ٹکیا روٹی سے مطلب۔ اسے تو جیسے اپنے دس روپوں کے سائے میں بیٹھا دیا گیا تھا۔ جہاں ضروریات زندگی کی قیمتوں کا دائرہ اکار روز بروز تنگ ہی ہوتا جا رہا تھا۔ اس نے سنا کہ مل مزدوروں نے مہنگائی بھتہ لینا شروع کر دیا۔ کسان کی بن آئی۔ معمولی دکانوں کے ملازموں کی تنخواہوں میں بھی اضافہ ہو گیا اور یہاں تک بوجھ اٹھانے والوں نے بھی اپنی مزدوری بڑھا دی تو اس کے دل میں امنگ اٹھی کہ مالک سے صاف کہہ دے کہ میری تنخواہ بڑھا دے۔ (زیادہ اہم)

44. الجھن پیچ و تاب کھاتی اپنی چارپائی پر لڑھک گئی۔ اس کا جی گھبرا رہا تھا اور ہر طرف سے سفید نئے کپڑوں کی کھڑکھڑاہٹ صاف سنائی دے رہی تھی۔ اس کا بھی جی چاہ رہا تھا کہ وہ زور زور سے رو کر اپنے ابا کی قناعت پسندی کا ڈھنڈورا پیٹے........ لیکن اس سے رویا بھی نہ گیا۔ آنسوؤں کا ذخیرہ جیسے حلق میں پھنس کر رہ گیا تھا۔

45. اسے اپنے ابا پر غصہ آ رہا تھا کہ آخر وہ اس برائے نام روشنی پر قناعت کیوں کرتے ہیں؟ مٹی کا تیل اسے روزانہ کیوں نہیں ملتا؟ جب کہ گلی کے نکر والے خوبصورت دو منزلہ گھر میں تمام رات بڑی بڑی لالٹینوں کی روشنی ہوتی رہتی ہے........ لیکن اس کا جھنجھلایا ہوا دماغ یہ سوچ نہ سکا کہ اگر تیل لڑے بھڑے ملنے بھی لگے تو اس مد کے لیے دو پیسے روز کس کے گھر سے آئیں جب کے باپ کو سخت محنت کی قیمت اتنی ہی ملتی ہے کہ وہ جیے تو کیا ہاں جینے کی بھونڈی سی نقل اتار تا ہے۔

46. نہ تم مجرم 'نہ میں گنہ گار- تم مجبور' میں ناچار- لو اپ کہانی سنو 'میری سر گزشت میری زبانی سنو- نواب مصطفیٰ خاں بہ میعاد سات برس کے قید ہو ہو گئے تھے 'سوان کی تقصیر معاف ہوئی اور ان کو رہائی ملی- صرف رہائی کا حکم آیا ہے- جہانگیر آباد کی زمینداری اور دلی کی املاک اور پنسن کے باب میں ہنوز کچھ حکم نہیں ہوا- ناچار وہ رہا ہو کر میرٹھ ہی میں ایک دوست کے مکان میں ٹھہرتے ہیں-

47. میرٹھ سے آکر دیکھا کہ یہاں بڑی شدت ہے اور یہ حالت ہے گوروں کی پاسبانی قناعت نہیں ہے- لاہوری دروازی کا تھانے دار مونڈ بچھا کر سڑک پر بیٹھتا ہے جو باہر سے گورے کی آنکھ بچا کر آتا ہے، اس کو پکڑ کر حوالات میں بھیج دیتا ہے- حاکم کے ہاں سے پانچ پانچ بید لکھتے ہیں یا دو روپے جرمانہ لیا جاتا ہے آٹھ دن قید رہتا ہے، اس سے علاوہ سب تھانوں پر حکم ہے کہ دریافت کرو، کون بے ٹکٹ مقیم ہے اور ٹکٹ رکھتا ہے-

48. کل سے یہ حکم نکلا کہ یہ لوگ شہر سے باہر مکان دوکان کیوں بناتے ہیں؟ جو مکان بن چکے ہیں انھیں ڈھادو اور آئندہ کی ممانعت کا حکم سنادو اور یہ بھی مشہور ہے کہ پانچ ہزار ٹکٹ چھاپے گئے ہیں جو مسلمان شہر میں اقامت چاہے، مقدرر مقدور نذرانہ نہ دے- اس کا اندازہ قرار دینا حاکم کی رائے پر ہے- روپیادے اور ٹکٹ لے- گھر برباد ہو جائے، آپ شہر میں آباد ہو جائے- آج تک یہ صورت ہے، دیکھیے شہر کے بسنے کی کون مہورت ہے؟ جو رہتے ہیں وہ بھی اخراج کیے جاتے ہیں یا جو باہر پڑے ہوئے ہیں وہ شہر میں آتے ہیں؟

49. جولائی سے مینہ شروع ہوا- شہر میں سیکڑوں مکان گرے اور مینہ کی نئی صورت، دن رات میں دو چار بار برسے اور ہر بار اس زور سے کہ ندی نالے بہ نکلیں- بالا خانے کا جو دالان میرے اٹھنے بیٹھے سونے جاگنے، جینے مرنے کا محل ہے، اگرچہ گرا نہیں لیک چھت چھلنی ہو گئی، کہیں چلچی، کہیں اُگالدان رکھ دیا- قلمدان، کتابیں اٹھا کر توشے خانے کی کوٹھڑی میں رکھ دیے- مالک مرمت کی طرف متوجہ نہیں- کشتی نوح میں تین مہینے رہنے کا اتفاق ہوا- اب نجات ہوئی ہے نواب صاحب کی غزلیں اور تمھارے قصائد دیکھے جائیں گے- (زیادہ اہم)

50. میر بادشاہ میرے پاس آئے تھے- تمھاری خیر و عافیت ان سے معلوم ہوئی تھی- میر قاسم علی صاحب مجھ سے نہیں ملے- پرسوں سے نواب مصطفیٰ خاں صاحب یہاں آئے ہیں- ایک ملاقات ان سے ہوئی ہے- ابھی یہیں رہیں گے، بیمار ہیں، احسن اللہ خاں معالج ہیں، فصد ہو چکی ہے، جونکیں لگ چلی ہیں، اب مسہل کی فکر ہے، سوا اس کے سب طرح کی خیر و عافیت ہے- میں ناتواں بہت ہو گیا ہوں، گویا صاحب فراش ہوں- کوئی شخص نیا تکلف کی ملاقات کا آجائے تو اٹھ بیٹھتا ہوں، ورنہ پڑا رہتا ہوں- لیٹے لیٹے خط لکھتا ہوں لیٹے لیٹے مسودات دیکھتا ہوں- اللہ اللہ!

51. تم سچ کہتے ہو کہ بیت مسودے اصلاح کے واسطے فراہم ہوئے ہیں مگر یہ نہ سمجھنا کہ تمہارے ہی قصائد پڑے ہیں- نواب صاحب کی غزلیں بھی اس طرح دھری ہوئی ہیں- برسات کا حال تمہیں بھی معلوم ہے اور یہ بھی جانتے ہو کہ میرا مکان گھر کا نہیں ہے- کرائے کی حویلی میں رہتا ہوں- جولائی سے مینہ شروع ہوا- شہر میں سینکڑوں مکان گرے اور مینہ کی نئی صورت دن میں دو چار بار برسے اور ہر بار اس زور سے کہ ندی نالے بہہ نکلیں- بالا خانے کی جو دالان میرے اٹھنے بیٹھنے، سونے جاگنے، جینے مرنے کا محل ہے اگرچہ انہیں لیکن چھت چھلنی ہو گئی ہے- مالک مرمت کی طرف متوجہ نہیں- کشتی نوح میں تین مہینے رہنے کا اتفاق ہوا

52. میں تو اپنے آپ کو اس درد کی وجہ سے رفتنی سمجھتا تھا مگر محض اس خیال سے تسکین تھی کہ پاؤں کا درد ہے- حرکت محال ہے، رفتنی نہیں آمدنی ہوں- باقی خدا کے فضل و کرم سے خیریت ہے کہ آپ کا مزاج بخیر ہو گا- ممکن ہو تو لاہور ضرور آیئے اور لوگوں کو اپنا تازہ کلام بھی سنایئے-

53. میں نومبر کو لاہور واپس آ گیا تھا مگر ترشی کے زیادہ استعمال سے دانت میں سخت درد ہو گیا جس نے کئی روز تک بے قرار رکھا- اب خدا کے فضل سے بالکل اچھا ہوں- رسالہ ایسٹ اینڈ ویسٹ (انگریزی) کے اگست کے نمبر میں ڈکٹر عبد الرحمٰن صاحب نے ایک ریویو دونوں مثنویوں پر لکھا ہے- نہایت قابلیت سے لکھا ہے- اگر اس ریویو کی کوئی کاپی مل گئی تو ارسال خدمت کروں گا-

54. میں نے آپ کی طرف سے ہر چند عذر کیا مگر وہ مُصر ہے- آخر میں نے اس سے وعدہ کیا کہ مولانا کی خدمت میں عرض کروں گا- ایسی فرمایش کرتے ہوئے حجاب آتا ہے کہ مجھے آپ ضعف و ناتوانی کا حال معلوم ہے / تاہم اگر کسی روز طبیعت شگفتہ ہو اور آلام و افکار کا احساس، شگفتگی طبع سے کم ہو گیا ہو تو دس پندرہ چطور اس کی خاطر لکھ ڈالیے- یہ لڑکا آپ کا غائبانہ مرید ہے-

Please visit for more data at: www.pakcity.org

55. ایک دو غلط فہمیاں البتہ ضرور رفع کرنا چاہتا ہوں۔ لاہور پنجاب میں واقع ہے لیکن اب پنج آب نہیں رہا۔ اس پانچ دریاؤں کی سر زمین میں اب صرف ساڑھے چار دریا بہتے ہیں اور جو نصف دریا ہے وہ تو اب بہنے کے قابل نہیں رہا۔ اس کو اصطلاح میں راوی ضعیف کہتے ہیں۔ ملن کا پتا یہ ہے کہ شہر کے قریب دو پل بنے ہوئے ہیں۔ ان کے نیچے ریت میں یہ دریا لیٹا رہتا ہے، بہنے کا شغل عرصے سے بند ہے اس لیے یہ بتانا بھی مشکل ہے کہ شہر دریا کے دائیں کنارے پر واقع ہے یا بائیں کنارے پر۔

56. لاہور تک پہنچنے کے کئی راستے ہیں لیکن دو ان میں سے بہت مشہور ہیں، ایک پشاور سے آتا ہے، دوسرا دہلی سے۔ وسطی ایشیا کے حملہ آور پشاور کے راستے اور یوپی کے حملہ آور دہلی کے راستے وار ہوتے ہیں۔ اول الذکر اہل سیف کہلاتے ہیں اور غزنوی یا غوری تخلص کرتے ہیں۔ مؤخر الذکر اہل زبان کہلاتے ہیں۔ یہ بھی تخلص کرتے ہیں اور اس میں یس طولیٰ رکھتے ہیں۔ (زیادہ اہم)

57. بہم رسانی آب کے لیے ایک اسکیم عرصے سے کمیٹی کے زیر غور ہے۔ یہ اسکیم نظام سقے کے وقت سے چلی آتی ہے لیکن مصیبت یہ ہے کہ نظام سقے کے اپنے ہاتھ کے لکھے ہوئے اہم مسودات بعض تو تلف ہو چکے ہیں اور جو باقی ان کے پڑھنے میں بہت دقت پیش آ رہی ہے۔ اس لیے ممکن ہے کہ تحقیق و تدقیق میں ابھی چند سال لگ جائیں عارضی طور پر پانی کا یہ نظام کیا گیا ہے کہ فی الحال بارش کے پانی کو حتی الوس شہر سے باہر نکلنے نہیں دیتے، اس میں کمیٹی کو بیت کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ اُمید کی جاتی ہے کہ تھوڑے ہی عرصے میں ہر محلے کا اپنا ایک دریا ہو گا جس میں رفتہ رفتہ مچھلیاں پیدا ہوں گی اور ہر مچھلی کے پیٹ میں کمیٹی کی انگوٹھی ہو گی جو رائے دہندگی کے موقعے پر ہر رائے دہندہ پہن کر آئے گا۔ (زیادہ اہم)

58. تیسری قسم خیالی طلبہ کی ہے۔ یہ اکثر روپ۔ اخلاق اور آوارہ گون اور جمہوریت پر با آواز بلند تبادلہ خیالات کرتے پائے جاۓ ئ ہیں اور آفرینش اور نفسیات کے متعلق نئے نئے نظریات پیس کرتے رہتے ہیں۔ صحت جسمانی کو ارتقائے انسانی ضروری سمجھتے ہیں۔ اس لئے علی الصبح پانچ چھے ڈینٹر پیلتے ہیں اور شام کو ہوسٹل کی چھت پر گہرے سانس لیتے ہیں۔ گاتے ضرور ہیں لیکن اکثر بے سر گاتے ہیں کہ نہ تو ان کی آواز اچھی ہوتی ہے اور نہ ہی سر تال۔

59. چوتھی قسم خالی طلبہ کی ہے۔ یہ طلبہ کی خالص ترین قسم ہے اس کا دامن کسی قسم کی آلائش سے تر ہونے نہیں پاتا۔ کتابیں، امتحانات، مطالعہ او اسی قسم کے خرخشے کبھی ان کی زندگی میں داخل نہیں ہوتے۔ جس سے معصومیت کو لے کر وہ کالج میں پہنچے تھے۔ اسے آخر تک ملوث نہیں ہونے دیتے اور تعلیم اور نصاب اور درس کے ہنگاموں میں اس طرح زندگی بسر کرتے ہیں جس طرح بتیس زبانوں میں زبان رہتی ہے۔

60. نظام سقے کے مسودات سے اس قدر ضرور ثابت ہوا ہے کہ پانی پہنچانے کے لیے نل ضروری ہیں۔ چنانچہ کمیٹی نے کروڑوں روپے خرچ کر کے جا بجا نل لگوا دیے ہیں۔ فی الحال ان میں ہائیڈروجن اور آکسیجن بھی بھری ہے لیکن ماہرین کی رائے ہے کہ ایک نہ ایک دن یہ گیسیں ضرور مل کر پانی بن جائیں گی۔ چنانچہ بعض نلوں میں اب بھی چند قطرے روزانہ ٹپکتے ہیں۔ اہل شہر کو ہدایت کی گئی ہے کہ اپنے اپنے گھڑے نلوں کے نیچے رکھ چھوڑیں تاکہ عین وقت پر تاخیر کی وجہ سے کسی کی دل شکنی نہ ہو۔ شہر کے لوگ اس بات پر بہت خوشیاں منا رہے ہیں۔

61. تانگوں میں بناسپتی گھوڑے استعمال کئے جاتے ہیں۔ بناسپتی گھوڑا شکل میں صورت میں دم دار ستارے سے ملتا ہے کیوں کہ اس گھوڑے کی ساخت میں دم زیادہ اور گھوڑا کم پایا جاتا ہے۔ حرکت کے وقت اپنی دم دبا لیتا ہے اور ضبط نفس سے اپنی رفتار میں ایک سنجیدہ اعتدال پیدا کرتا ہے تاکہ سڑک کا ہر تاریخی گڑھا اور تانگے کا ہر ہچکولا اپنا نقش آپ پر ثبت کرتا جائے اور آپ کا ہر ایک مسام لطف اندوز ہو سکے۔ (زیادہ اہم)

62. طلبہ کی کئے قسمیں ہوتی ہیں جن میں مشہور چند ایک مشہو ہیں، قسم اول جمالی کہلاتی ہے۔ یہ طلبہ عام طور پر پہلے درزیوں کے ہاں تیار ہوتے ہین بعد ازاں دھوبی اور پھرنائی کے پاس بھیجے جاتے ہیں اور اس عمل کے بعد کسی ریستوران میں ان کی نمائش کی جاتی ہے۔ دوسرے قسم جلالی طلبہ کی ہے۔ ان کا شجرہ جلال الدین اکبر سے ملتا ہے، اس لئے ہندوستان کا تخت و تاج ان کی ملکیت سمجھا جاتا ہے۔ شام کے وقت چند مصاحبوں کو ساتھ لیے نکلتے اور جو دوسخا کے خم لنڈھاتے پھرتے۔ (زیادہ اہم)

Please visit for more data at: www.pakcity.org

63. لاہور کے ہر مربع انچ میں ایک انجمن موجود ہے، پریزیڈنٹ البتہ تھوڑے ہیں۔ اس لئے فی الحال صرف تین اصحاب ہی ہیں جو یہ اہم فرض ادا کر رہے ہیں۔ چوں کہ ان انجمنوں کے اغراض و مقاصد مختلف نہیں اس لیے بساط اوقات ایک ہی صدر صبح کسی مذہبی کانفرنس کا افتتاح کرتا ہے اور شام کو کسی کرکٹ ٹیم کے ڈنر میں شامل ہاتا ہے۔ اس سے ان کا مطمع نظر وسیع رہتا ہے۔ تقریر عام طور پر ایسی ہی ہوتی ہے جو دونوں موقعوں پر کام آسکتی ہے۔ چنانچہ سامعین کو بہت سہولت رہتی ہے۔

64. شکاری رات بھر بڑے مزے سے سویا اور جب صبح ہوئی تو خوش آنکھیں ملتا ہوا اُٹھا کہ درخت پر چڑھ کر گھونسلے میں سے بچے نکالے اور اپنے گھر کی راہ لے۔ اس نے اُٹھ کر اپنا سامان وغیرہ سمیٹا اور جوں ہی درخت پر چڑھنے کے لیے اس کے پاس گیا، اس کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں۔ وہ حواس باختہ ہو گیا۔ گھبراہٹ اور خوف میں اسے اپنا ہوش نہ رہا۔

65. ہم اس دھرتی کا گز بنے اور بحر ظلمات میں گھوڑے دوڑا آئے لیکن ہمیں تو ہر چیز چپٹی ہی نظر آئی۔ دنیا سے زیادہ تو ہم خود گول ہیں کہ پیکنگ سے لڑھکے تو پیرس پہنچ گئے اور کوپن ہیگن سے پھسلے تو کولمبو میں آکر رُکے بلکہ جا کر تا پہنچ کر دم لیا۔ دنیا کے گول ہونے پر اصرار کرنے والوں کا کہنا ہے کہ یقین نہ ہو تو مشرق کی طرف سے جاؤ، چکر کاٹ کر مغرب کی طرف سے پھر اپنے تھان پر آکر کھڑے ہو گے۔

66. ہم سوچتے ہیں کہیں ایسا نہ ہو مشرق ہاتھ میں رہے، نہ مغرب۔ کیا عجب سندباد کی طرح کسی نادیدہ جزیرے میں جانکلیں جہاں کسی پیر تسمہ پا سے مڈبھیڑ کا بھی اتنا خطرہ ہے جتنا شہزادی مہر افروز کے ہم پر جان سے عاشق ہونے کا۔ بلکہ پہلا امکان کچھ زیادہ ہی ہے تاہم اے دوستو! اب کیا ہو سکتا ہے۔

67. رشک آتا ہے دنیا میں ایسے بھی لوگ ہیں کہ کبھی قید مقام سے نہیں گزرتے۔ گوجرانوالہ تک گئے بھی تو دوسرے روز گھر لوٹ آئے۔ ہم سے پوچھیے جو مزا تھرمل کا کرتا پہن، قوام والا پان گلے میں دبا، ٹانگ پر ٹانگ دھرے گھر میں "داستان امیر حمزہ" پڑھنے اور لمبی تان کر سونے میں ہے وہ جگہ جگہ مارے مارے پھرنے میں کہاں، قیام کی راحتیں اور برکتیں کہاں تک بیان کی جائیں۔ نہ پاسپورٹ کی فکر نہ ویزا کے لیے بھاگ دوڑ۔ نہ فارن ایکسچینج کا ٹنٹا، نہ ہوائی کمپنیوں کے دفتروں کے پھیرے کہ بھائی ایک سواری ہم بھی ہیں۔ بٹھالو۔ ہمیں کہیں چند کے قیام کا تجربہ ہو تو ایسا زبردست قیام نامہ لکھیں کہ لوگ حریفوں کے سفر ناموں کو بھول جائیں۔

68. ایک عام خوش فہمی جس میں تعلیم یافتہ اصحاب بالعموم اور اُردو شعرا بالخصوص عرصے مبتلا ہیں، یہ ہے کہ مرغ صرف صبح اذان دیتے ہیں۔ اٹھارہ مہینے اپنی عادات و خصائل کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد اس نیتجے پر پہنچا ہوں کہ یا تو میں جان بوجھ کر عین اس وقت سوتا ہوں جو قدرت نے مرغ کے اذان دینے کے لیے مقرر کیا ہے یا یہ ادبدا کر اس وقت اذان دیتا ہے جب خدا کے گناہگار بندے خواب غفلت میں پڑے ہوں۔

69. اب یہاں یہ سوال کیا جا سکتا ہے کہ آخر مرغ اذان کیوں دیتا ہے؟ ہم پرندوں کی نفسیات کے ماہر نہیں۔ البتہ معتبر بزرگوں سے سنتے چلے آئے ہیں کہ صبح دم چڑیوں چہچہانا اور مرغ کی اذان دراصل عبات ہے لہٰذا جب مرزا عبدالودود بیگ نے ہم سے پوچھا کہ مرغ اذان کیوں دیتا ہے؟ تو ہم نے سیدھے سبھاؤ یہی جواب دیا کہ اپنے رب کی حمد و ثنا کرتا ہے۔ کہنے لگے "صاحب اگر یہ جانور واقعی اتنا عبادت گزار ہے تو لوگ اسے اتنے شوق سے کھاتے کیوں ہیں؟"

70. ایک دن موسلا دھار بارش ہو رہی تھی۔ تھکا ماندہ بارش میں شرابور گھر پہنچا تو دیکھا کہ تین مرغے میرے پلینگ کے ہیں۔ سفید چادر پر جا بجا پنجوں کے نشان تھے۔ البتہ میری قبل از وقت واپسی کے سبب جہاں جہاں جگہ خالی رہ گئی وہاں سفید دھبے نہایت معلوم ہو رہے تھے۔ میں نے ذرا درشتی سے سوال کیا آخر یہ گلا پھاڑ پھاڑ کے کیوں چیخ رہے ہیں؟

71. ایک اور سنگین غلط فہمی جس میں خواص عوام مبتلا ہیں ور جس کا ازالہ میں رفاہ عام کے لئے نہایت ضروری خیال کرتا ہوں، یہ ہے کہ مرغیاں ڈربے اور ٹاپے میں رہتی ہیں۔ میرے ڈیڑھ سال کے مختصر مگر بھرپور تجربے کا نچوڑ یہ ہے کہ مرغیاں ڈربے کے سوا ہر جگہ نظر آتی ہیں اور جہاں نظر آئیں وہاں اپنے وردونزول کا نا قابل تردید ثبوت چھوڑ جاتی ہیں۔

سوال نمبر 2 : درج ذیل نظموں کے خلاصے تیار کریں۔

1. تسلیم و رضا	2. خطبات بہ جوانانِ اسلام (زیادہ اہم)
3. میدانِ کربلا میں صبح کا منظر (زیادہ اہم)	4. لوکل بس
5. مستقبل کی جھلک (زیادہ اہم)	6. وحدانیت (زیادہ اہم)
7. پیغام	

سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل نثر کا خلاصہ تحریر کریں۔(مصنف کا نام بھی تحریر کریں)

pakcity.org

1. اپنی مدد آپ (زیادہ اہم)	2. اوور کوٹ	3. لاہور کا جغرافیہ
4. سر سید کے اخلاق و خصائل	5. سفارش (زیادہ اہم)	6. دوستی کا پھل (زیادہ اہم)
7. ادیب کی عزت	8. چراغ کی لو (زیادہ اہم)	9. اور گھر آنا مرغیوں کا

سوال نمبر 4: مندرجہ ذیل مکالمے تیار کریں۔

1	دو دوستوں کے درمیان بجلی کے بحران پر مکالمہ	8	دو دوستوں کے درمیان ہم نصابی سرگرمیاں کے موضوع پر مکالمہ
2	دو سہیلیوں کے مابین فیشن کے موضوع پر مکالمہ	9	سڑکوں پر ٹریفک کی روانی میں خلل کے بارے میں دو دوستوں کے درمیان مکالمہ
3	بے روزگاری کے بارے میں دو دوستوں میں مکالمہ (زیادہ اہم)	10	بڑھتی ہوئی رشوت ستانی کے بارے میں دو دوستوں کے درمیان مکالمہ (زیادہ اہم)
4	دو دوستوں میں موبائل فون کے استعمال پر مکالمہ (زیادہ اہم)	11	دو دوستوں کے درمیان ٹیوشن پڑھنے اور نہ پڑھنے کے حوالہ سے مکالمہ (زیادہ اہم)
5	اُستاد اور شاگرد کے درمیان مطالعہ کتب کی اہمیت پر مکالمہ	12	دو دوستوں کے درمیان امتحانی نظام تعلیم کے نقائص پر ہونے والی گفتگو پر مکالمہ
6	کسی معروف شخصیت اور ٹی۔وی۔اینکر کے درمیان مہنگائی پر مکالمہ	13	دو دوستوں کے درمیان ٹیلی ویژن کے فوائد و نقصانات کے موضوع پر مکالمہ
7	دو دوستوں کے درمیان انٹرنیٹ کا استعمال کے موضوع پر مکالمہ (زیادہ اہم)	14	دو دوستوں کے درمیان بڑھتی ہوئی مہنگائی کے موضوع پر مکالمہ (زیادہ اہم)

www.pakcity.org

یا سوال نمبر 4: مندرجہ ذیل روداد تیار کریں۔

1. تقریب سیرت النبی ﷺ (زیادہ اہم)	2. کالج میں الوداعی تقریب (زیادہ اہم)
3. کالج میں جلسہ تقسیم انعامات (زیادہ اہم)	4. یوتھ فیسٹیول کے تحت تقریری مقابلہ
5. کرکٹ میچ	6. تاریخی مقام کی سیر (زیادہ اہم)
7. عید میلاد النبی ﷺ	8. شادی کی ایک تقریب

سوال نمبر 5: مندرجہ ذیل (نظم) کے اشعار کی تشریح کریں۔

دوسرا کون ہے ، جہاں تو ہے
کون جانے تجھے کہاں تو ہے

لاکھ پردوں میں ہے تو بے پردہ
سو نشانوں پہ ، بے نشان تو ہے

تو ہے خلوت میں تو ہے جلوت میں
کہیں پنہاں ، کہیں عیاں تو ہے

نہیں تیرے سوا یہاں کوئی
میزبان تو ہے ، مہمان تو ہے

رنگ تیرا ، چمن میں بو تیری
خوب دیکھا تو باغبان تو ہے

کردار کا یہ حال ، صداقت ہی صداقت
اخلاق کا یہ رنگ کہ قرآن ہی قرآں

کیا نام ہے ، شامل ہے جو تکبیر و اذاں میں
اس نام کی عظمت کے ہیں قربان دل و جاں

اشکوں سے تیرے دین کی کھیتی ہوئی سیراب
فاقوں نے تیرے دہر کو بخشا سرو ساماں

انسان کو شائستہ و خوددار بنایا
تہذیب و تمدن ترے شرمندہ احساں

گر یار کی مرضی ہوئی ، سر جوڑ کے بیٹھے
گھر بار چھڑایا تو وہیں چھوڑ کے بیٹھے

وڑا انھیں جیدھر ، وہیں منہ موڑ کے بیٹھے
گدڑی جو سلائی تو وہی اوڑھ کے بیٹھے

اور شال اڑھائی تو اسی شال میں خوش ہیں
پورے ہیں وہی مرد جو ہر حال میں خوش ہیں

جینے کا نہ اندوہ ، نہ مرنے کا ذرا غم
یکساں ہے اُنہیں زندگی اور موت کا عالم

واقف نہ برس سے ، نہ مہینے سے وہ اک دم
نہ شب کی مصیبت ، نہ کسی روز کا ماتم

دن رات ، گھڑی پہر ، مہ و سال میں خوش ہیں
پورے ہیں وہی مرد جو ہر حال میں خوش ہیں

ٹھنڈی ہوا میں ' سبزہ صحرا کی وہ لہک
شرمائے جس اطلس زنگاری فلک

وہ جھومنا درختوں کا ' پھولوں کی وہ مہک
ہر برگ گل پہ قطرہ شبنم کی وہ جھلک

ہیرے خجل تھے ' گوہر یکتا نثار تھے
پتے بھی ہر شجر کے ' جواہر نگار تھے

وہ دشت وہ نسیم کے جھونکے وہ سبزہ زار
پھولوں پہ جا بجا وہ گہر ہائے آب دار

اٹھنا وہ جھوم جھوم کے شاخوں کا بار بار
بالائے نخل ایک جو بلبل تو گل ہزار

خواہاں تھے زیب گلشن زہرا ' جو آب کے
شبنم نے بھر دیے تھے کٹورے گلاب کے

بجلیاں غیرت کی تڑپیں گی فضائے قدس میں
حق عیاں ہو جائے گا ، باطل نہاں ہو جائے گا

ان کواکب کے عوض ، ہوں گے نئے انجم طلوع
ان دنوں رخشندہ تر ، یہ آسماں و جائے گا

نغمہ آزادی کا گونجے گا حرم اور دیر میں
وہ جو دارالحرب ہے ، دارالاماں ہو جائے گا

ہم کو سودا ہے غلامی کا ، کہ آزادی کی دھن
چند ہی دن میں ، ہمارا امتحاں ہو جائے گا

یہ پرچم ہے نشاں ، عالم میں فتح و کامرانی کا
زمین پر ابر رحمت ہے ، نوید آسمانی کا

یہ پرچم ہے روایات عظیم الشان کا پرچم
یہی پرچم ہے استقلال پاکستان کا پرچم

کبھی اے نوجواں مسلم ! تدبر بھی کیا تو نے
وہ کیا گردوں تھا ، تو جس کا ہے اک ٹوٹا ہوا تارا

تجھے اُس قوم نے پالا ہے آغوش محبت میں
کچل ڈالا تھا جس نے پاؤں میں تاج سر دارا

گدائی میں بھی وہ اللہ والے تھے غیور اتنے
کہ منعم کو گدا کے ڈر سے بخشش کا نہ تھا یارا

اگر چاہوں تو نقشہ کھینچ کر الفاظ میں رکھ دوں
مگر تیرے تخیل سے فزوں تر ہے وہ نظارا

تجھے آبا سے اپنے کوئی نسبت ہو نہیں سکتی
کہ تو گفتار ، وہ کردار ، تو ثابت وہ سیارا

گنوا دی ہم نے جو اسلاف سے میراث پائی تھی
ثریا سے زمین پر آسمان نے ہم کو دے مارا

آہ ! کس کی جستجو آوارہ رکھتی ہے تجھے
راہ تو ، رہرو بھی تو ، رہبر بھی تو ، منزل بھی تو

کانپتا ہے دل ترا ، اندیشہ طوفاں سے کیا
ناخدا تو ، بحر تو ، کشتی بھی تو ، ساحل بھی تو

www.pakcity.org

وائے نادانی ! کہ تو محتاج ساقی ہو گیا
مے بھی تو ، مینا بھی تو ، ساقی بھی تو ، محفل بھی تو

شعلہ بن کر پھونک دے خاشاک غیر اللہ کو
خوف باطل کیا کہ ہے غارت گر باطل بھی تو

بے خبر! تو جوہر آئینہ ایام ہے
تو زمانے میں خدا کا آخری پیغام ہے

سوال نمبر6: مندرجہ ذیل (غزل) کے اشعار کی تشریح کریں۔

pakcity.org

آفاق کی منزل سے گیا ، کون سلامت
اسباب لٹا راہ میں ، یاں ہر سفری کا

ہر زخم جگر دل اور محشر سے ہمارا
انصاف طلب ہے ، تری بیداد گری کا

لے سانس بھی آہستہ ، کہ نازک ہے بہت کام
آفاق کی اس کارگہ شیشہ گری کا

جان آخر تو جانے والی تھی
اس پہ کی ہوتی ، میں نثار اے کاش !

اس میں راہ سخن نکلتی تھی
شعر ہوتا ترا شعار ، اے کاش

شش جہت اب تو تنگ ہے ہم پر
اس سے ہوتے نہ ہم ، دو چار اے کاش!

ہوائے دور مئے خوش گوار ، راہ میں ہے
خزاں چمن سے ہے جاتی ، بہار راہ میں ہے

عدم کے کوچ کی لازم ہے فکر ، ہستی میں
نہ کوئی شہر ، نہ کوئی دیار، راہ میں ہے

نہ بدرقہ ہے ، نہ کوئی رفیق ساتھ اپنے
فقط عنایت پروردگار ، راہ میں ہے

سفر ہے شرط ، مسافر نواز بہتیرے
ہزار ہا شجر سایہ دار ، راہ میں ہے

یہ آرزو تھی، تجھے گل کے روبرو کرتے
ہم اور بلبل بے تاب ، گفتگو کرتے

پیام بر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا
زبان غیر سے کیا شرح آرزو کرتے

مری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ
کسی حبیب کی ، یہ بھی ہیں جستجو کرتے

ہمیشہ میں نے گریباں کو چاک چاک کیا
تمام عمر رفوگر رہے، رفو کرتے

نہ جانا کہ دنیا سے جاتا ہے کوئی
بہت دیر کی ، مہرباں آتے آتے

سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو
وہی رہ گئی، درمیاں آتے آتے

مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے
چمن اُڑ گیا ، آندھیاں آتے آتے

تم مرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

حال دل یار کو لکھوں کیوں کر
ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا

چارہ دل ، سوائے صبر نہیں
سو ، تمہارے سوا نہیں ہوتا

ٹھانی تھی دل میں ، اب نہ ملیں گے کسی سے ہم
پر کیا کریں کہ ہو گئے ناچار جی سے ہم

ہنستے جو دیکھتے ہیں ، کسی کو کسی سے ہم
منہ دیکھ دیکھ روتے ہیں ، کس بے کسی سے ہم

ہم سے نہ بولو تم ، اسے کیا کہتے ہیں بھلا
انصاف کیجیے پوچھتے ہیں ، آپ ہی سے ہم

دل پہ رہا مدتوں ، غلبہ یاس و ہراس
قبضہ حزم و حجاب ، دیکھیے کب تک رہے

تا بہ کجا ہوں دراز، سلسلہ ہائے فریب
ضبط کی لوگوں میں تاب ، دیکھیے کب تک رہے

پردہ اصلاح میں ، کوشش تخریب کا
خلق خدا پر عذاب ، دیکھیے کب تک رہے

مشکل ہیں اگر حالات وہاں ، دل بیچ آئیں جاں دے آئیں
دل والو کوچہ جاناں میں کیا ایسے بھی حالات نہیں

جس دھج سے کوئی مقتل میں گیا ، وہ شان سلامت رہتی ہے
یہ جان تو آنی جانی ہے ،اس جاں کی تو کوئی بات نہیں

میدان وفا دربار نہیں ، یاں نام و نسب کی پوچھ کہاں
عاشق تو کسی کا نام نہیں ، کچھ عشق کسی کی ذات نہیں

کچھ غلط بھی تو نہیں تھا ، مرا تنہا ہونا
آتش و آب کا ممکن نہیں ، یک جا ہونا

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

ایک نعمت بھی یہی ، ایک قیامت بھی یہی	روح کا جاگنا اور آنکھ کا ، بینا ہونا
جو برائی تھی مرے نام سے منسوب ہوئی	دوستو ! کتنا برا تھا مرا اچھا ہونا
اب تو کچھ اور ہی، اعجاز دکھایا جائے	شام کے بعد بھی سورج ، نہ بجھایا جائے
نئے انساں سے تعارف جو ہوا ، تو بولا	میں ہوں سقراط ، مجھے زہر پلایا جائے
موت سے کس کو مفر ہے ، مگر انسانوں کو	پہلے جینے کا سلیقہ ، تو سکھایا جائے

سوال نمبر 7: مندرجہ ذیل درخواستیں تیار کریں۔

1. پرنسپل کے نام درخواست (فیس معافی اور مالی اعانت کے لیے)
2. ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست (ڈسپنسری کے اجراء کے لیے)
3. ڈی سی او کے نام درخواست (برائے حصول ملازمت)
4. چیئرمین میونسپل کمیٹی کے نام درخواست (صفائی کے لیے)
5. چیئرمین تعلیمی بورڈ کے نام درخواست (سند کے اجرا کے لیے)
6. پرنسپل کے نام درخواست (برائے حصول کریکٹر سرٹیفکیٹ)
7. کالج کے پرنسپل کے نام درخواست (برائے تبدیلی مضمون)
8. پرنسپل کے نام درخواست (سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے)
9. چیئرمین تعلیمی بورڈ کے نام درخواست (برائے نام درستی)
10. ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کے نام درخواست (ناقص امن وامان کے تدارک کے لیے)
11. پوسٹ ماسٹر کے نام درخواست (پارسل گم ہونے کے لیے)
12. پوسٹ ماسٹر کے نام درخواست (ڈاک کی ناقص تقسیم کے بارے میں)

سوال نمبر 8: مندرجہ ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان بھی تحریر کریں۔

1. عام لوگوں کی نظر میں بیشتر حیوانوں کی سی زندگی بسر کرتے ہیں۔ اسی واسطے مولانا ناروم ایک جگہ لکھتے ہیں کہ چراغ لے کر تمام شہر میں پھرا کہ کوئی انسان نظر آئے مگر نظر نہ آیا۔ اور موجودہ زمانہ تو روحانیت کے اعتبار سے بالکل تہی دست ہے اسی واسطے اخلاص، محبت و مروت اور یک جہتی کا نام و نشان نہیں رہا۔ آدمی آدمی کا خون پینے والا قوم قوم کی دشمن ہے۔ یہ زمانہ انتہائی تاریکی کا ہے لیکن تاریکی کا انجام سفید ہے۔ کیا عجب کہ اللہ تعالی جلد اپنا فضل کرے اور بنی نوع انسان کو پھر ایک دفعہ نور محمدی عطا کرے۔
2. نوجوان سمجھتا ہے کہ حقیقی بامسرت زندگی بعد میں آئے گی جوانی کے گزر جانے پر وہ سوچتا ہے کہ یہ تو پہلے حاصل تھی۔ جب آدمی ایک جگہ ہو تو وہ کہتا ہے کہ یہ ہندوستان یا یورپ میں ہو گی۔ وہاں پہنچتا ہے تو اسے احساس ہوتا ہے کہ یہ تو وطن واپس چلی گئی ہے اور وہیں ہماری منتظر ہے۔ بامسرت زندگی کی تلاش کرنے والا اس شخص کی مانند ہے کہ تتلیاں اکٹھی کرتا ہے۔ تتلی کو اُڑتے ہوئے دیکھا جائے تو کیسی خوش نما لگتی ہے کیوں کہ جوں ہی اسے پکڑا جائے اس کے پر انگلیوں پر مسلے جاتے ہیں اور رنگ غائب ہو جاتے ہیں۔
3. مشرق نے ازمنہ، قدیم ہی سے سنیاس، مردم بے زاری اور رہبانیت کو حصول منزل کا ایک ذریعہ تصور کیا ہے۔ مگر اقبال نے اصل فقیر اسے کہا ہے جس کا سفینہ ہمیشہ طوفانی ہوا اور جو زندگی سے متصادم ہو کر اپنے لیے ایک ایسی راہ تراشے جو بالآخر خودی کی عریانی پر منتج ہو، مگر اس کے سفر کے لیے قوت درکار ہے اور اقبال کے نزدیک عشق ہی وہ فعال اور متحرک قوت ہے جو اسے منزل تک پہنچا سکتی ہے۔

www.pakcity.org

4. وہ جاہل تھے اور جہالت پر فخر کرتے تھے۔ ان کے ماضی کی تاریخ نہ ختم ہونے والی قبائلی جنگوں تک محدود تھی اور ان کے سامنے ان جنگوں کا جاری رکھنے کے سوا کوئی مستقبل نہ تھا۔ جو ظلم کی طاقت نہیں رکھتے تھے۔ ظلم سہنے پر مجبور کر دیے جاتے تھے۔ لیکن جب اسلام آیا تو یہی لوگ ایک نئے دور کے مشعل بردار بن گئے۔ کارساز فطرت نے اپنی رحمت کی گھٹاؤں کے نزول کے لیے ایک بے آب و گیاہ صحرا منتخب کیا۔ عرب کے ظلمت کدے سے نور کا سیلاب نمودار ہوا اور مختلف قبائل و اقوام کو اپنی آغوش میں لیتا ہوا اطراف عالم پر چھا گیا۔ اسلام تپتے ہوئے صحرا میں ٹھنڈے اور میٹھے پانی کا ایک چشمہ تھا۔ اور خلق خدا اسی کی پیاسی تھی۔ دنیا جہالت کی تاریکیوں میں بھٹک رہی تھی اور اسلام ایک نئی صبح کا آفتاب تھا۔

5. نصابوں میں علاقائی شخصیتوں کو اس طرح پیش کرنا چاہیے کہ ان کو پورے پاکستان کے لوگ اپنی عظمتوں کی فہرست میں شامل کریں۔ خوش حال خاں خٹک صرف پشتونوں کے ہی کیوں ہیرو ٹھہرائے جائیں؟ کیوں نہ پورا پاکستان اس کو عزت کی نگاہ سے دیکھے۔ زبان کا مسئلہ اسی طرح سوچا جا سکتا ہے۔ مقامی زبانوں کے باوجود مرکزی قومی زبان کے تحفظ اور فروغ کو تمام علاقوں کے لوگ اپنا فریضہ خاص خیال کریں۔ اُردو زبان ڈیڑھ سو سال تک دورِ غلامی میں مسلمانانِ ہند کی وحدت کا نشان رہی ہے۔ اس کے لیے اجتماعی پیمانے پر بڑی بڑی لڑائیاں لڑی گئیں۔ یہ قومی تحریکوں کی ترجمان رہی ہے۔ اس میں اجتماعی احساسات بھرپور طریقے سے ظاہر ہوتے ہیں۔ بڑا ستم ہو گا اگر علاقائی تعصب میں آ کر ہم وحدت کے اس نشان کو ضائع کریں۔

6. ہمارا مذہب اسلام اپنے پیروکاروں سے زندگی کے عام معمولات میں نظم و ضبط کے مظاہرے کا مطالبہ کرتا ہے۔ قومی زندگی میں نظم و ضبط قائم کرنا محض خدا، رسول ﷺ کا حکم ہی نہیں۔ ہماری ذاتی سلامتی اور ہمارے ملک کی سلامتی کا ایک ناگزیر تقاضا بھی ہے۔ جنگ اور قومی زندگی کے دوسرے نازک مواقع پر نظم و ضبط کا فقدان ہمیں ہلاکت اور تباہی سے دوچار کر سکتا ہے۔ لہٰذا ہمیں اپنے گھروں، دکانوں دفتروں تعلیمی اور دیگر قومی اداروں میں نظم و ضبط کی پرورش اور ترویج کرنی چاہیے اور اپنی ذات کی بھی ڈسپلن اور آئین و قانون کی پابندی کا عادی بنانا چاہیے۔

7. اس وقت وطنِ عزیز ایک آتش فشاں کے دہانے پر ہے۔ جو لوگ ان آتشی شعلوں کی ذد میں ہیں وہ آخرت کو سدھار رہے ہیں۔ جو بچ رہے ہیں، وہ جیتے جی مر رہے ہیں۔ شہر شہر اور قریہ قریہ کربلا کا منظر ہے۔ لوگ اپنے معصوم بچوں، بے گناہ عورتوں اور مردوں کے لاشے اٹھا اٹھا کر تھک چکے ہیں۔ ان کی نیندیں اڑ چکی ہیں۔ ان کے کھانے بے لذت ہو چکے ہیں کہ جلتے جسموں کے مناظر اور پیاروں کی چیخ و پکار ان کا پیچھا نہیں چھوڑتی۔ کتنا بڑا المیہ ہے کہ سب کچھ دین اسلام کے نام پر ہو رہا ہے۔ وہ دین جس کا معنی ہی امن و سلامتی ہے۔ وہ دین جس کا پیغام حیات بخش ہے نہ کہ حیات کش۔ جو دکھ درد بانٹنے کا درس دیتا ہے نہ کہ سکھ چین چھیننے کا جو کشت انسانیت میں محبت کے پھول اگانے کی بات کرتا ہے نہ کہ کانٹے بچھانے کی۔

8. آج کل پاکستان جن حالات سے دوچار ہے وہ ہم سب کے لیے دعوتِ فکر ہے کہ پاکستان کو ان مشکلات و مصائب سے کس طرح اور کیسے چھٹکارا حاصل ہو سکتا ہے۔ پاکستان جو ابھی ترقی کی راہ گامزن ہو رہا ہے، بے شمار سیاسی، سماجی اور اقتصادی مسائل سے دوچار ہے۔ خاص طور سے اب جب کہ ہمارا ایک بازو یعنی مشرقی پاکستان جو چند افراد کی غلطیوں اور ذاتی مفاد پرستی کی وجہ سے ہم سے علیحدہ ہو چکا ہے اور جہاں ساری قوم کو شرمندگی و ندامت کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ جہاں محبِّ وطن عوام کو یہ دکھ سہنا پڑا وہاں بہت سے ایسے پیچیدہ مسائل اور بہت سی مشکلات نے ہمیں گھیر لیا جو اسے ترقی کی راہ پر لے جانے کی بجائے دوبارہ پستی کی طرف لے جانے لگے۔

9. داستان گوئی بنی نوع انسان کے قدیم ترین مشاغل میں سے ایک ہے۔ داستان کہنے اور سنانے کا شغل دنیا کے ہر ملک اور ہر قوم میں کسی نہ کسی صورت میں ہمیشہ موجود رہا ہے۔ غور کیا جائے تو داستان گوئی ہی دنیا کے تمام تر ادبی کارناموں کی بنیاد ٹھہرتی ہے۔ ہر علاقے اور ہر خطے میں سنائی جانے والی داستانوں کے رنگ دوسرے علاقے یا خطے کی داستانوں سے مختلف رہے ہیں۔ یورپ میں داستانوں کے تین مشہور سلسلے تھے۔ روم، فرانس اور برطانیہ کی داستانیں۔ اسی طرح برصغیر پاک و ہند میں اردو داستانوں کے بھی تین ماخذ قرار دیئے جا سکتے ہیں۔ عربی، فارسی اور ہندی ماخذ۔

10. شاید ہندوستان میں کسی اور زبان کے شاعر کو یہ امتیاز حاصل نہیں کہ وہ ماضی، حال اور مستقبل پر یکساں گرفت رکھتا ہو۔ غالب اپنے عہد میں بھی سر برآور تھا اور آج بھی سب سے زیادہ قد آور ہے اور کل بھی اس کے خیال کی رفعتوں کے سامنے پست و زبوں ہی نظر آتا ہے۔ یقین ہے کہ آنے والی نسلیں غالب کو انبساط و انقباض، کرب و نشاط اور رنج و راحت کے ہر موڑ پر اپنا ہم نواز اور شریک پائیں گی۔ وہ لمحوں کا شاعر ہے، مگر یہ لمحے قید مکان و زماں سے آزاد اور حلقہ شام و سحر سے ماوراہیں۔

11. اتفاق کی خوبیاں لوگوں نے بہت کچھ بیان کی ہیں اور وہ ایسی ظاہر ہیں کہ کوئی شخص اتفاق سے بھی ان کو بھول نہیں سکتا۔ بہت بڑے بڑے واقعات دنیا میں گزرے ہیں۔ جن کو پرانی تاریخیں یاد دلاتی ہیں اور جن کی یاد سے ایک عجیب اثر ہمارے دلوں پر ہوتا ہے اور وہ سب باہمی اتفاق کا نتیجہ ہے۔ ایک ناچیز ریشہ جو نہایت کمزور ہوتا ہے۔ باہمی اتفاق سے ایسا قوی اور زبردست ہو جاتا ہے کہ بڑی سے بڑی قوت کا مقابلہ کرتا ہے۔ اس وقت تعلیم یافتہ دنیا میں جو کچھ ترقی ہے یا مہذب ملکوں میں جو کچھ طاقت ہے وہ سب اتفاق کی بدولت ہے۔

12. اقبال اخلاق کا ایک عمدہ نمونہ تھے۔ خلیق اور ملنسار تھے۔ ہم نے کبھی آپ کو غصہ کرتے نہیں دیکھا۔ کوئی ناگواری ہوتی تو آپ ضبط کرتے۔ تحمل اور ضبطِ نفس بغایت تھا۔ عزم، حوصلہ، ثابت قدمی اور مستقل مزاجی کے مالک تھے۔ جس کام کی نیت فرماتے اس کو پایہ تکمیل تک پہنچائے بغیر نہ رہتے۔ جھوٹ سے انتہائی نفرت تھی۔ صداقت اور حق گوئی کو پسند فرماتے تھے۔ تکبر، جاہ پسندی اور ہوس دنیا نام کو بھی آپ میں نہ تھی۔ تواضع اور انکسار آپ کی خوبی تھی۔

13. لوگ وقت کی قدر و قیمت نہیں پہنچانتے۔ انہیں یہ پتا نہیں ہے کہ انسان کے ہاتھ میں اصل دولت وقت ہی ہے۔ جس نے وقت کو ضائع کر دیا۔ اس نے سب کچھ ضائع کر دیا۔ قدرت نے انسان کے ہر لحہ زندگی کے سات ایک اہم فرض باندھ رکھا ہے جس کی ادائیگی ہی میں اس کی زندگی کی ساری عظمتیں پوشیدہ ہیں۔ اگر وہ اپنی زندگی کے کسی لمحہ میں بھی فرض کو پہچاننے یا ادا کرنے میں کوتاہی کر جائے جو اس لمحے کے ساتھ مخصوص ہے تو پھر اس فرض کا وقت زندگی میں کبھی نہیں آتا۔ کیوں کہ اس کے بعد اس کی زندگی میں جو لمحات بھی میسر ہوتے ہیں وہ اپنے فرائض اور ذمہ داریاں ساتھ لاتے ہیں۔ اس وجہ سے جو فرض رہ گیا، وہ گویا ہمیشہ کے لیے رہ گیا۔

14. امت مسلمہ کے زوال کا ایک اہم سبب یہ رہا ہے کہ تعلیم کو کبھی ایک بالا ترجیح نہیں سمجھا گیا۔ وسائل کا رخ بالعموم ایسے منصوبوں کی طرف رہا جو قوم کے مستقبل کی تعمیر کے لیے چنداں مفید نہ تھے۔ بتایا جاتا ہے کہ اکیسویں صدی کی ایک دہائی گزر جانے کے بعد بھی اسلامی دنیا کے ستاون ممالک میں صرف پانچ سو یونیورسٹیاں ہیں جب کہ صرف بھارت میں پونے نو ہزار کے قریب یونیورسٹیاں کام کر رہی ہیں۔ جاپان کے ایک شہر ٹوکیو ں میں یونیورسٹیوں کی تعداد پورے عالم اسلامی کی جامعات سے زیادہ ہے۔

15. اردو شاعری کے فروغ کا آغاز اسلامی تہذیب کے آخری دور میں ہوا۔ جبکہ عیش پرستی اور کاہلی نے ہمارے ہم وطنوں کے خیالات و جذبات کی روحانی آگ کو قریب قریب ٹھنڈا کر دیا تھا۔ قومی زندگی کی نبض سست ہو چکی تھی۔ جو کچھ بلند خیالی وضعداری اور عالی حوصلگی کے جوہر باقی رہ گئے تھے ان کی ہستی بجھے ہوئے چراغوں کی روشنی سے زیادہ نہ تھی۔ تاہم اس بد نصیبی کے دور میں اردو زبان کی خوش قسمتی سے چند ایسے باکمال پیدا ہوئے جو شاعری اور زبان دانی کے جوہر اپنے ساتھ لائے تھے اور جن کے ولولوں میں قومی زوال کے زمانے میں بھی بزرگوں کی حمیت اور تہذیب کا اثر باقی تھا۔

16. اقبالؒ مسلمانوں کو خودی کی تعلیم دیتے ہیں خودی ان کے کلام میں اہم اصطلاح ہے۔ خودی انسان کی ذات اور شخصیت کو کہتے ہیں۔ انسان اپنی ذات کا پہچانے، اپنی حقیقت تک پہنچنے، اپنے اور خدا کے تعلق کو سمجھے۔ اگر وہ خود کو سمجھ گیا تو خدا کا سراغ پالینا مشکل نہیں ہے۔ اقبال مسلمانوں میں خودی کو بیدار کرنا چاہتے ہیں۔ عجز، کمزوری اور بزدلی کو دور کر کے انسان کو اس کے اصل مقام سے آشنا کرانا چاہتے ہیں اور ایسے ہی مسلمانوں کو جس کی خودی بیدار ہو گئی ہو وہ مرد مومن کہتے ہیں۔

17. تعلیمی پستی کے یوں تو بہت سے اسباب ہیں اور اُن کی تفصیل کے لیے دفتر درکار ہے۔ لیکن میرے خیال میں گرتے ہوئے معیار تعلیم کا بنیادی سبب اور اصل وجہ تعلیم کے لیے مثبت منصوبہ بندی کا فقدان ہے۔ سستی شہرت اور نام نہاد نعرہ ترقی نے رہی سہی کسر بھی پوری کر دی ہے۔ نام نہاد ماہرین نے تعلیم کو عام کرنے کا نعرہ لگایا تو ہر تحصیل اور قصبہ میں ایک ایک کالج منصہ شہود پر آیا۔ یہ کالج اپنی قسمت کا رونا رو رہے ہیں اور نونہالان قوم بھی مفت میں اپنی جان کھو رہے ہیں۔ کالج ہر تحصیل میں موجود ہے مگر عمارت سے محروم، عمارت ہے تو کہیں اساتذہ کی کمی اور عدم توجہی اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔ اساتذہ ہیں کہ رہائش کے مسئلہ سے دوچار در بدر مارے مارے پھرتے ہیں۔ عوام اپنے بے حس ہو چکے ہیں کہ ان کا تعاون نہ ہونے کے برابر ہے۔ جب تک کالج تدریسی عمارت، تجربہ گاہ، کالج ہال، ہاسٹل سے محروم اور پرنسپل اور سٹاف رہائش کے مسئلوں سے دوچار رہیں گے معیار تعلیم گرتا ہی چلا جائے گا۔

18. مجھے جمہوری نظام اس لیے پسند ہے کہ یہ ہمیں شرکت و شمولیت کی کھلے بندوں دعوت دیتا ہے جب کہ غیر جمہوری نظام ہم سے روحانی، جذباتی اور فکری شمولیت کا حق چھین لیتا ہے اور ہمیں لاتعلقی اور عدم دل چسپی کے صحرا میں عضوِ معطل کی طرح پھینک دیتا ہے۔ زندگی اور موت میں یہی فرق ہے کہ زندگی نام ہے شمولیت کا جب کہ موت نام ہے عدم شمولیت کا۔

19. انسان کی زندگی کا مقصد اپنے جیسے انسانوں کی مدد کرنا ہے۔ ایک اچھے مسلمان کے لیے حقوق اللہ یعنی نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ فرض ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ حقوق العباد بھی اہمیت کے حامل ہیں۔ اگر کوئی حقوق اللہ ادا کرتا ہے تو یہ اس نے فرائض ادا کیے۔ لیکن اللہ کی طرف سے انسانوں پر انسان کے جو حقوق ہیں وہ کسی صورت معاف نہیں کیے جا سکتے۔ ایک اچھا مسلمان حقوق اللہ کی بجا آوری کے ساتھ ساتھ حقوق العباد بھی ادا کرتا ہے۔ کامیاب لوگوں کا یہی شیوہ ہوتا ہے کہ وہ انسانیت کی خدمت کو اپنی زندگی کا لازمی جزو بنا لیتے ہیں۔ دنیا اسی قسم کے لوگوں سے خوب صورت بن سکتی ہے۔

20. عوام کی جان و مال، عزت و آبرو کی حفاظت اور پاسبانی حکومت کے اوّلین اور بنیادی فرائض میں سے سب سے اہم فرض ہے۔ اور جو حکومت اس اہم فرض کو کما حقہ انجام نہیں دیتی اسے مسندِ اقتدار پر متمکّن رہنے کا کوئی حق نہیں حکومت کے قیام کے بارے میں جتنے نظریے بھی آج تک سامنے آئے ہیں ان میں اگر غور سے مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہو گا کہ انسانی معاشرت میں حکومت جیسی قوت قاہرہ کے وجود کا بنیادی جواز یہی ہے کہ وہ اپنی طاقت سے اجتماعی زندگی میں امن و امان قائم کرے اور اپنے دائرہ اقتدار میں ایسے حالات پیدا کرے جن میں لوگ اپنی جان و مال، عزت و آبرو اور اپنے انسانی حقوق کے معاملے میں اپنے آپ کو بالکل محفوظ و مامون سمجھیں۔

www.pakcity.org
pakcity.org